Music: By Madan Mohan

روپ نگر لمیٹڈ کا تیار کردہ

ففٹی ففٹی

50-50

ستارے

نلنی جیونت۔ ایم راجن۔ جیون۔ ڈیوڈ۔ گوپ۔ سندر۔ للتا کما

محمود، من کرشن اور ادم

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

وری راجو: ویسے تو گوری شنکر کا ساتھی تھا۔ مگر گوری شنکر کی مجرمانہ حرکات کو ناپسند کرتا تھا۔ اسی وجہ سے ایک دن میں ناچاقی ہو گئی۔ سڑکوں پر آوارہ گردی کرتے ہوئے راجو کی ملاقات ن سے ہو گئی جس نے راجو کو ایک عجیب الجھن سے آزاد ہونے میں ور اسے اپنے ساتھ گھر لے گیا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

کتھنی نفتی کے گانے

نمبر ۱

تام کا آنچل ڈھلکا ..... رات کا ساغر چھلکا
کی ایسے میں آگئی ۔ درد اٹھا ہلکا ہلکا
شام کا آنچل ڈھلکا
ے ڈوب گیا دل تیرے بغیر پھیکی پھیکی ہے محفل
میری آنکھوں میں آگئے ۔ دیکھ سماں جھل مل کا
شام کا آنچل ڈھلکا
تک بیت گیا دن ۔ رات بھی گذرے گی گھڑیاں گن گن
بتانے کتنا ہے مشکل ۔ بوجھ اٹھانا پل پل کا
شام کا آنچل ڈھلکا

گانا نمبر ۲

ی ہم کھاتو دھی ہم کھاتیں ۔ مل جل کے زمانے میں گذارہ کریں
میرا غم بھی گانے چلیں ہم ۔ دکھ سکھ کا جی لوں بٹوارہ کریں
مل جل کے
کا نہ ہے کوئی ننگا نہ رہے ۔ ساری دنیا میں پیار کی گنگا بہے

چل چل چل ہی چل سکیں پربت کا جل — دکھ سکھ کا....
مل جل کے....
چلیں کوئی ایسی چال ٹوٹے دکھ کا یہ جال
دنیا سے مٹ جائے جھگڑے بڑے کا سوال
لینا کرنے کو تمام بڑا اچھا ہے یہ کام — دکھ سکھ کا.
مل جل کے....
سارے جگ کی یہ دھول بن سکتی ہے پھول
ایسا ہوتا نہیں کیوں سوچو کس کی ہے بھول
مل بیٹھو سارے بھائی کر دو دلوں کی صفائی
جھاڑ دو دلوں میں لگا دو سارے جھگڑے مٹا
میرا چولہا تیری دال ایسے ملیں سُر تال — دکھ سکھ...
مل جل کے....

گانا نمبر ۳

یہ بھول ہوئی ہم سے کبھی ہم تیری تمنا کر بیٹھے
پچھتاتا ہے دل اب رہ رہ کے کیا کرنا تھا اور کیا کر بیٹھے
معلوم نہ تھا لے جائے گی یہ دل کی لگی اس منزل تک
ہم عشق میں ایسے محو ہوئے کافر کو بھی سجدہ کر بیٹھے
کیا تم نے کہا کیا ہم نے سنا کیوں راز یہ کھلتا غیروں پر
خود اپنی زباں سے ہم اپنی رسوائی کا چرچہ کر بیٹھے
کل رات کو ان کی محفل میں نظارہ عام کی دعوت تھی
جب ہم سے ذرا ٹکرائی نظر بل کھا کے وہ پردہ کر بیٹھے
اس شوخ نظر کی مستی کا انداز کسی سے کیا کہیے

بھر جائے اگر میخانے پر میخانے بھی توبہ کر بیٹھے

گانا نمبر ۴

یہ تو بتا رسیا
کاہے میری انکھیوں کی نیند یا چرائے لیے جائے
یہ تو بتا رسیا....
بس گئی نینوں میں صورتیا تمہاری
انکھیوں ہی انکھیوں میں رات بتاؤں ساری
جانے یہ کیا ہو گیا — یہ تو بتا رسیا...
بیٹھے بٹھائے موا جیا کاہے ڈولے
سمجھ نہ آئے کیسے بول انوکھے بولے
جادو کیا رسیا — یہ تو بتا رسیا..
برہن کی ہائے کیسی آگ لگائی پیا
بھولے سے منوا کو درد سہانا دیا
ظلم کیا رسیا — یہ تو بتا رسیا..

گانا نمبر ۵

اُو آگے تیرے پیچھے تیری پاپ بھری پرچھائیں
دیکھ سکے نہ اندھی دُنیا پر دیکھ رہا تیرا سائیں
کب تک تو بھگوان سے اپنا آپ چھپائے گا
تیرا لکھا اِک دِن تیرے آگے آئیگا
جو ساگر کے اندر سیپی بیچ چھپائے موتی
دیکھ رہی ہے سب کچھ لوگو اس مالک کی جوتی
جگ کا بھیدی کیا مندر سے دھوکا کھائیگا

تیرا لکھا......
جس کی مرضی ہیں امور کچھ چل نہ پائے تیرا گا
لیکھ لکھا ہے پاس اسی کے تیرے اِک اِکدن کا
کہاں پھر اس کی نظروں سے تو بچ کے جائیگا
تیرا لکھا.....

گانا نمبر ۶

جو بات ابھی تک تھی دِل میں ہونٹوں پہ وہ آئی جاتی ہے
نادان بلم ایسے بھی کہیں یہ پریت جتائی جاتی ہے
ہونٹوں کی ضرورت ہی کیا ہے افسانۂ دِل کہنے کے لئے
چپ رہ کے کہانی اُلفت کی آنکھوں سے سُنائی جاتی ہے
جب رات کو تارے کھلتے ہیں تنہائی میں دو دِل ملتے ہیں
جب سارا زمانہ سوتا ہے تب پریت جگائی جاتی ہے۔
کچھ نور ستاروں سے لیکر کچھ رنگ چرا کر پھولوں سے
کچھ لے کے تڑپ پروانوں کی یہ دُنیا بسائی جاتی ہے

گانا نمبر ۷

میرے جیسا نہیں ملے گا
جی ۔ میرے جیسا نہیں ملے گا
ہوں ۔ میرے جیسا نہیں ملے گا
اُلفت کا دیوانہ ۔ کوئی پروانہ ، ڈھونڈ لے سارا زمانہ
تیرنا میری پریت لگی ہائے رے ہائے
میرے من کا پنچھو باندھ یادیں تیری گائے
تو ہاں کر جیا یا نہ کر جب

ہماری دُنیا سے انمول ہے میرے دل کا یہ نذرانہ ۔ ڈھونڈ لے سارا زمانہ
مرنے والے مر گئے اور چھوڑ گئے اولاد
لگے سیر بکنے ہیں ایسے مجنوں اور فرہاد
آؤ جی حضور چلیں دُنیا سے دُور چلیں، دُنیا ہے ایک سرائے
چل گوری چل چل، پیار کے محل، بیٹھے ہیں تاک لگائے
ہے میرے دل کا یہ ارمان تیرے صدقے جاؤں
چاہے لے لے میری جان تیرے صدقے جاؤں
کہاں ملے گا ایسا بڑھیا دُنیا میں مستانہ ۔ ڈھونڈ لے....
ڈھونڈ لے سارا زمانہ ....
مجھ کو کہے ہٹ محبت کرنا اور عاشقوں سے مرنا
تیرے پیٹ کی کہتا ہوں یہ کام کبھی نہ کرنا
ایسی تریدار گوری ہانڈی پکاؤں گا
نت نیا پیار کا مصالحہ ملاؤں گا
ہری ہری مرچ کے تازہ پکوڑے
تجھ کو کھلائیں گے کیا یہ نگوڑے
دل کی جلائے دھیمی دھیمی آگ
پیار سے پکاؤں گا سرسوں کا ساگ
کبھی کبھی اڈلی، کبھی کبھی ڈوسہ، کبھی کبھی آلو مٹر کا سموسہ
کبھی کبھی پوری کبھی روٹی تندور کی
ایسے میں خاطر کروں گا حضور کی
آ چل تجھ کو بنوا دوں گا ایک باورچی خانہ
چھوڑ دے سارا زمانہ ..

گانا نمبر ۸

چل دیا دل میرا توڑ کے، یوں اکیلا مجھے چھوڑ کے، یاد رکھنا مگر لے وفا
مجھ کو بھولے گا نہ دل میرا، چل دیا دل میرا توڑ کے
دو گھڑی ہے تمنا میری، کیوں بسائی تھی دنیا میری
کیوں بنایا تھا وہ آشیاں۔ آج اٹھتا ہے جس سے دھواں۔
دل نہ سمجھے یہ تیری ادا، یاد رکھنا مگر لے وفا
مجھ کو بھولے گا نہ وہ میرا، چل دیا دل میرا توڑ کے
یہ جانا ہے یہ دل کیا ہوا، رات پر دن کا دھوکا ہوا
پھول لے کر یہ کانٹے دیئے، کیوں ستم گر ستم یہ کئے
چاہے مجھ کو کوئی جتنا بھلا، یاد رکھنا مگر لے وفا
مجھ کو بھولے گا نہ دل میرا، چل دیا دل میرا توڑ کے

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بیچنے کے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف 3/-/- محصول ڈاک معاف

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب فلمی کتاب ہے جو زر کثیر خرچ کر کے تیار کرائی گئی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کیے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین اصحاب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں در در بھٹکنا نہیں پڑیگا۔

قیمت صرف 3/-/- محصول ڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں ویسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں کو بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کیئے ہیں۔

قیمت صرف -/8/- محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(آزاد پریس دہلی)